لیول

2



صلی اللہ علیہ وسلم

سیرتِ کوئز

ASSAS INSTITUTE

پیش لفظ

پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ کو جاننا اور پڑھنا ہر مسلمان کے لیے بے حد ضروری ہے۔ خصوصاً آج کل کے بچوں کے دلوں میں آپ ﷺ کی محبت اُجاگر کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ اسی لیے ادارہ اساس انسٹیٹیوٹ نے پہلی سے پانچویں جماعت تک کے بچوں کے لیے آسان سوال و جواب پر مبنی سیرت کو ئز کتابچہ تیار کیا ہے۔ کتابچے کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں سوال جواب کے ساتھ ساتھ حل طلب مشقیں بھی دی گئی ہیں۔

یہ نصاب ایس این سی حکومتِ پاکستان کے طے شدہ نصابی SLO's کے تحت ہر کلاس کے بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جس میں ساتھ ساتھ آسان انداز میں اس کی تفہیم بھی کی گئی ہے۔ ہمیں پورا یقین ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے محبت سکھاتی ہوئی یہ سیرت کو ئز سیریز آپ کے بچے کی دنیا اور آخرت سنوارنے میں معاون ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ!

پروجیکٹ
اساس انسٹیٹیوٹ

ٹائٹل ڈیزائنگ
محمد صفتِ الٰہی

ڈیزائنگ
محمد کفیل

مرتب
ابنِ محمد محمود

پروف ریڈنگ
شگفتہ یاسمین

اشاعت
پہلی

سن اشاعت
نومبر/دسمبر 2025


بسم الله الرحمن الرحيم



سبق نمبر

01

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و اطاعت

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

* یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی حصہ ہے۔
* یہ جان سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

سبق نمبر

نبی کریم ﷺ کی محبت واطاعت

01

مختصر سوالات

سوال نمبر 1: صحابہ رضی اللہ عنہم کون ہیں؟

جواب: وہ لوگ جنہوں نے ایمان کی حالت میں حضرت محمد ﷺ کو دیکھا اور ایمان کی حالت میں وفات پائی۔

سوال نمبر 2: سُنّت کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کا قول، فعل اور تقریر۔

سوال نمبر 3: تقریر سے کیا مراد ہے؟

جواب: حضور ﷺ نے کسی صحابی کو کوئی کام کرتے ہوئے دیکھا اور آپ ﷺ خاموش رہے۔

سوال نمبر 4: ہمارے ایمان کی بنیاد کیا ہے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کی محبت۔

سوال نمبر 5: ایک مسلمان کا ایمان کس شرط پر مکمل ہوتا ہے؟

جواب: جب تک اسے اللہ تعالی اور حضرت محمد ﷺ کی محبت دنیا کی ہر چیز کی محبت سے زیادہ نہ ہو جائے اس کا ایمان مکمل نہیں ہوتا۔

سوال نمبر 6: مومن کون ہوتا ہے؟

جواب: ایمان والا (یعنی مسلمان)۔

سوال نمبر 7: مومن کے دل میں کیا چیز سب سے زیادہ ہونا ضروری ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ اور حضرت محمد ﷺ کی محبت۔

سوال نمبر 8: حضرت محمد ﷺ سے زیادہ محبت کون کرتے تھے؟

جواب: تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

سوال نمبر 9: حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: ترجمہ: ''جس نے رسول (ﷺ) کی اطاعت کی تو یقیناً اسی نے اللہ کی اطاعت کی۔''

سوال نمبر 10: حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کرنا کس کی اطاعت کرنا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی۔

سوال نمبر 11: ''جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی تو یقیناً اسی نے اللہ کی اطاعت کی'' یہ قرآن مجید کی کس آیت کا ترجمہ ہے؟

جواب: سورۃ النّساء کی آیت نمبر 80 کا۔

سوال نمبر 12: سورۃ النّساء قرآن مجید کے کس پارے میں ہے؟

جواب: پارہ نمبر 4، 5 اور 6۔

سوال نمبر 13: نبی کریم ﷺ کی اطاعت کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ بتائیں!

جواب: ''جو میری اطاعت کرے گا، وہ جنت میں داخل ہو گا۔''

سوال نمبر 14: جو شخص نبی ﷺ کی اطاعت کرے گا، اس کو کیا انعام ملے گا؟

جواب: وہ انعام کے طور پر جنت میں داخل ہو گا۔

سوال نمبر 15: ''جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا'' یہ حدیثِ مبارکہ، حدیث کی کس کتاب میں آئی ہے؟

جواب: صحیح بخاری، حدیث نمبر: 7280۔

سوال نمبر 16: نبی کریم ﷺ سے محبت کا پہلا تقاضا کیا ہے؟

جواب: آپ ﷺ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے۔

سوال نمبر 17: نبی ﷺ سے محبت کا دوسرا تقاضا کیا ہے؟

جواب: اپنی زندگی کے سب کام سنّتِ رسول ﷺ کے مطابق انجام دیے جائیں۔

سوال نمبر 18: ہمیشہ نبی کریم ﷺ کی سُنّت پر عمل کون کرتے تھے؟

جواب: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

سوال نمبر 19: ہمیں اللہ تعالی کی محبت کیسے حاصل ہوسکتی ہے؟

جواب: نبی کریم ﷺ کی پیروی کے ذریعے۔

سوال نمبر 20: قرآن مجید میں نبی کریم ﷺ کی اطاعت و پیروی کے بارے میں اللہ تعالی کا کیا فرمان ہے؟

جواب: ”(اے نبی ﷺ!) فرما دیجیے اگر تم اللہ تعالی سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ (بھی) تم سے محبت فرمائے گا۔“

سوال نمبر 21: ”(اے نبی ﷺ!) فرما دیجیے! اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو تم میری پیروی کرو، اللہ (بھی) تم سے محبت فرمائے گا“ یہ قرآن مجید کی کس آیت کا ترجمہ ہے؟

جواب: سورۃ آل عمران، آیت نمبر 31۔

سوال نمبر 22: سورۃ آل عمران قرآن مجید کے کس پارے میں ہے؟

جواب: پارہ نمبر 3 اور 4۔

سوال نمبر 23: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی کریم ﷺ سے کتنی محبت کرتے تھے؟

جواب: اپنی جان، مال اور اولاد سے بڑھ کر۔

سوال نمبر 24: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کس معاملے میں نبی کریم ﷺ کی اطاعت کرتے تھے؟

جواب: ہر معاملے میں۔

سوال نمبر 25: ہمیں سب سے زیادہ کس سے محبت کرنی چاہیے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ سے۔

سوال نمبر 26: ہمیں کس کی سنّتوں پر عمل کرنا چاہیے؟

جواب: نبی کریم ﷺ کی سنّتوں پر۔

سرگرمیاں

1.درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(محبّت، جنّت، سنّت، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم)

الف۔ حضرت محمد ﷺ کے قول، فعل اور تقریر کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

ب۔ حضرت محمد ﷺ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ﷺ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے۔

ج۔ ”جو میری اطاعت کرے گا وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں داخل ہو گا“۔

د۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حضرت محمد ﷺ کی ہر سنت پر عمل کرتے تھے۔

2۔کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
حضرت محمد ﷺ سے سب سے زیادہ محبت کرنے والے	ایمان والا (مسلمان)
مومن	اللہ تعالی کی اطاعت
حضرت محمد ﷺ کی اطاعت	جنّت
حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کا انعام	صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

3۔درج ذیل میں سے درست جملہ کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ کا نشان لگائیں۔

الف۔ حضرت محمد ﷺ سے محبت ایمان کی بنیاد ہے۔ [ ]

ب۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی جان، مال اور اولاد سے بڑھ کر حضرت محمد ﷺ سے محبت کرتے تھے۔ [ ]

ج۔ جو حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔ [ ]

د۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہر معاملے میں حضرت محمد ﷺ کی اطاعت کرتے تھے۔ [ ]

4۔طلباء حضرت محمد ﷺ کی ان سنّتوں کے بارے میں جماعت کے دوسرے طلبہ کے ساتھ بات چیت کریں۔

درخت لگانا، کھانا کھلانا، چھوٹوں پر شفقت، ماحول کو صاف رکھنا، سلام میں پہل کرنا اور دوسروں کے کام آنا۔



سبق نمبر 02

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ

حاصلاتِ تعلُّم:

اس سبق کی تکمیل پر آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

* حضرت محمد ﷺ کے عفو و درگزر، رحم دلی اور ایفائے عہد کے بارے میں جان سکیں۔
* حضرت محمد ﷺ کے اخلاقِ حَسَنہ کو اپنا سکیں۔

سبق نمبر 02

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ

مختصر سوالات

سوال نمبر 1: اخلاقِ حسنہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: اچھی عادات۔

سوال نمبر 2: اللہ تعالیٰ نے بہترین اخلاق کا مالک کس کو بنایا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کو۔

سوال نمبر 3: اخلاقِ حسنہ کی چند مثالیں دیں!

جواب: نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و درگزر۔

سوال نمبر 4: ایفائے عہد کا کیا مطلب ہے؟

جواب: وعدہ پورا کرنا۔

سوال نمبر 5: عفو و درگزر کا کیا مفہوم ہے؟

جواب: دوسروں کو معاف کرنا۔

سوال نمبر 6: اچھی عادات کا بہترین اُسوہ اور نمونہ کون ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔

سوال نمبر 7: اخلاقِ حسنہ کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

جواب: ”اور بے شک آپ ﷺ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہیں۔“

سوال نمبر 8: ”اور بے شک آپ ﷺ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہیں“ یہ قرآن مجید کی کس آیت کا ترجمہ ہے؟

جواب: سورہ القلم، آیت نمبر:4

سوال نمبر 9: سورہ القلم کی آیت نمبر چار کس شخصیت کے اخلاق کے بارے میں ہے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے اخلاق کے بارے میں۔

سوال نمبر 10: سورۃ القلم قرآن مجید کے کون سے پارے میں ہے؟

جواب: پارہ نمبر 29۔

سوال نمبر 11: آپ ﷺ مزاج کے اعتبار سے کیسے تھے؟

جواب: بہت رحم دل اور نرم تھے۔

سوال نمبر 12: آپ ﷺ کس کے ساتھ نرمی کا معاملہ فرماتے تھے؟

جواب: ہر کسی کے ساتھ۔

سوال نمبر 13: آپ ﷺ لوگوں کے ساتھ کیا سلوک کرتے تھے؟

جواب: ان کی غلطیوں کو معاف فرمادیا کرتے تھے۔

سوال نمبر 14: حضرت محمد ﷺ اپنے دشمنوں کے ساتھ کیسے پیش آتے تھے؟

جواب: اچھے اخلاق کے ساتھ۔

سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو کس کے لیے رحمت بنا کر بھیجا؟

جواب: تمام جہانوں کے لیے۔

سوال نمبر 16: کیا آپ ﷺ صرف انسانوں پر مہربان تھے؟

جواب: جی نہیں! صرف انسانوں پر نہیں بلکہ تمام مخلوقات پر۔

سوال نمبر 17: وعدہ کی پابندی کرنا کس کی عادت تھی؟

جواب: حضرت محمد ﷺ ہمیشہ وعدے کی پابندی کیا کرتے تھے۔

سوال نمبر 18: حضرت محمد ﷺ دوسروں کو کس بات کی ترغیب دیا کرتے تھے؟

جواب: وعدے کی پابندی کی۔

سوال نمبر 19: جو وعدہ پورا نہیں کرتا، اس کے بارے میں حدیث مبارکہ میں کیا کہا گیا ہے؟

جواب: ”جو وعدہ پورا نہیں کرتا، اس کا کوئی دین نہیں“۔

سوال نمبر 20: وعدے کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں!

جواب: ”جو وعدہ پورا نہیں کرتا، اس کا کوئی دین نہیں“۔

سوال نمبر 21: ”جو وعدہ پورا نہیں کرتا، اس کا کوئی دین نہیں“ یہ حدیثِ مبارکہ، حدیث کی کس کتاب سے لی گئی ہے؟

جواب: مُسندِ احمد، حدیث نمبر: 5140۔

سوال نمبر 22: وعدہ پورا کرنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: قیامت کے دن وعدے کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

سوال نمبر 23: اس سبق پر ہم کیسے عمل کر سکتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد ﷺ کے اَخلاقِ حَسَنہ پر عمل کر کے۔

سوال نمبر 24: حضرت محمد ﷺ کے اخلاقِ حسنہ پر کیسے عمل کیا جا سکتا ہے؟

جواب: نرم مزاجی، رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و درگزر کی صفات کو اپنا کر۔

سوال نمبر 25: اسلام میں اخلاق کی کیا حیثیت ہے؟

جواب: اہم حیثیت۔

سرگرمیاں

1.درست لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

حدیث، دشمنوں، حضرت محمد ﷺ، وعدہ پورا کرنا، دین۔

الف۔ ایفائے عہد کا مطلب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

ب۔ اچھی عادات کا بہترین نمونہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

ج۔ حضرت محمد ﷺ اپنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ساتھ بھی اچھے اخلاق سے پیش آتے تھے۔

د۔ ”جو وعدہ پورا نہیں کرتا، اس کا کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں ہے“۔

ہ۔ مُسندِ احمد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی کتاب ہے۔

2۔کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب
اَخلاقِ حَسَنہ	پارہ نمبر 29۔
ایفائے عہد	تمام مخلوقات پر۔
حضرت محمد ﷺ مہربان تھے	وعدہ پورا کرنا۔
عفو و درگزر	اچھے اخلاق۔
سورۃ القلم	دوسروں کو معاف کرنا۔

3۔طلبہ باوضو ہو کر قرآن مجید کے پارہ نمبر 29 کی سورۃ القلم کی آیت نمبر 4 تلاش کریں اور اس کا مفہوم اپنے استاد صاحب سے سمجھیں۔

4۔ طلبہ اس شجرہ میں رنگ بھریں۔

